[illegible handwriting]

Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۳ } مطبوعہ دو شنبہ تاریخ ۱۵ ربیع الاول ۱۳۵۵ھ مطابق ۶ جون ۱۹۳۶ء { جلد ۱۹

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری انتظام بسلسلہ سالگرہ ہز میجسٹی ملک معظم قیصر ہند ایڈورڈ ہشتم	۳

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل رامپور

۲	منظوری الاؤنس محمد سعید خاں اکاؤنٹس کلرک تعمیرات	۳
۳	" بابت دہانیدہ تنخواہ ابوالحسن خاں سربراہ کار	"
۴	صراحت متعلق شمول شیون فائنانس ہنگام تقرر ملازمان بسلسلہ خلوئے آسامیاں	"

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار :— واقع ۲۳ جون ۱۹۳۰ء

ہز مجسٹی ملک معظم قیصر ہند ایڈورڈ ہشتم کی سالگرہ ۲۳ جون ۱۹۳۰ء کو ہوگی - اس سلسلہ میں حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں -

(۱) زیر کمانڈ عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر بریگیڈ پریڈ ہوگی - اس پریڈ پر فیو جوائے ہوگا جس میں کتیس ۳۱ ضرب توپیں سر ہوں گی ۔

(۲) کل دفاتر و مدارس میں تعطیل ہوگی -

(۳) محتاجوں کو کھانا تقسیم کیا جائے گا -

(۴) جیل سے قیدی رہا ہونگے - عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر فہرست قیدیان پیش کریں -

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ بھیجا جائے -

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو - بعد اجرائے عمل دارالانشاء کو بھیجدیا جائے - ۲۳ جون ۱۹۳۰ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل :-

(تاریخ ۱۳ جون ۱۹۳۶ء)

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۳۰ مئی ۱۹۳۶ء میں کاغذات بابت عطائے الاؤنس بہ محمد سعید خاں اکاؤنٹس کلرک تعمیرات بصلہ انجام دہی کار متعلقہ منشی احمد علیخاں انگلش کلرک تنخواہی ـــــــ ماہوار پیشکش از فائنانس منسٹر بہادر پیش ہو کر طے پایا کہ :-

موجودہ قواعد مجریہ ریاست ہذا کے مطابق محمد سعید خاں کو الاؤنس نہیں دیا جاسکتا ہے۔ لیکن چونکہ یکم مارچ ۱۹۳۶ء سے محمد سعید خان نے اپنے متعلقہ کام کے علاوہ احمد علیخاں کا کام بھی انجام دیا ہے۔ لہذا احمد علیخاں کی بچت تنخواہ سے از یوم کارکردگی محمد سعید خاں کو ـــــــ ماہانہ الاؤنس دیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل :-

(تاریخ ۱۳ جون ۱۹۳۶ء)

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۳۰ مئی ۱۹۳۶ء کاغذات بابت منظوری تنخواہ ـــــــ ماہانہ منشی ابوالحسن خاں مستعار بخدمت سربراہ کار حضور تحصیل پیش ہو کر طے پایا کہ :-

حسب تجویز عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر یوم چارج ۱۰ نومبر ۱۹۳۵ء سے ابوالحسن خاں مستعار بخدمت سربراہ کار کو ـــــــ ماہانہ تنخواہ دلائے جانیکی منظوری دیجاتی ہے۔ اب تک حسب تعداد تنخواہ بحساب ـــــــ ماہانہ دیجا چکی ہے وہ محسوب ہو کر بقیہ رقم حسب قاعدہ دلادیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو اصل کاغذات دارالانشاء کو بھیجے جائیں۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل :-

(تاریخ ۱۳ جون ۱۹۳۶ء)

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۳۰ مئی ۱۹۳۶ء میں تحریر عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر بابت تنسیخ حکم کونسل مورخہ ۳۰ مارچ ۱۹۳۵ء متعلق شمول مشورہ فائنانس بہنگام تقرر ملازمان بسلسلہ خلوئے آسامیان پیش ہو کر طے پایا کہ :-

جن وجوہ کے ماتحت کونسل نے ۳۰ مارچ ۱۹۳۵ء کو حکم دیا تھا کہ خلوئے آسامی کی حالتیں جو کسی وجہ سے عمل میں آئے بلا اتفاق رائے فائنانس منسٹر ملازم نہ رکھا جائے اب وہ حالات موجودہ بجٹ میں نہیں ہیں۔ لہذا بہ تنسیخ حکم مذکور برائے آئندہ حکم دیا جاتا ہے کہ منظور شدہ آسامیاں خالی ہونیکی صورت میں بہنگام تقرر ملازمان صیغہ فائنانس کا مشورہ حاصل کرنیکی ضرورت نہیں ہے افسران مجاز تخفیف شدہ اشخاص اور بعہدہ سابق مقرر شدہ اپرنٹسوں کا تقرر بدون مشورہ فائنانس خود کرسکتے ہیں۔ لیکن تخفیف شدہ اشخاص یا مقرر شدہ اپرنٹسوں کے علاوہ کسی دوسرے کا تقرر مقصود ہو یا منظور شدہ بجٹ آسامیان کے علاوہ جدید آسامی یا تنخواہ مقررہ کے اضافہ و الاؤنس کا سوال ہو تو حسب قاعدہ مشورہ فائنانس کا شمول ضروری ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)